2024-05-14

Hrs 08.30

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں شبانہ رحمان

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

------------------------------------------------------------

1 وزیراعظم اور سینئر بی جے پی لیڈر نریندرمودی آج وارانسی لوک سبھا سیٹ سے اپنے کاغذات نامزدگی داخل کریں گے۔

2 لوک سبھا انتخابات کے ساتویں اور آخری مرحلے کیلئے کاغذات نامزدگی داخل کرنے کا عمل آج شام ختم ہوجائے گا۔

3 لوک سبھا انتخابات کے چوتھے مرحلے میں 67 اعشاریہ دو پانچ فیصد رائے دہندگان نے اپنے حق رائے دہی کا استعمال کیا۔

4 بہار کے سابق نائب وزیراعلیٰ اور بی جے پی کے سینئر لیڈر سشیل کمار مودی کا انتقال ہوگیا ہے۔

5 ممبئی کے بِل بورڈ گرنے کے حادثے میں مرنے والوں کی تعداد بڑھ کر 14 ہوگئی ہے۔

6 اور بھونیشور میں نیشنل فیڈریشن کپ ایتھلیٹکس مقابلے میں خواتین کے Shot Put میں آبھا Khatua نے سونے کا تمغہ جیت کر قومی ریکارڈ بنایاہے۔

اب خبریں تفصیل سے۔

UP PM Nomination and others

سینئر BJP لیڈر اور وزیراعظم نریندر مودی آج وارانسی حلقے سے اپنا پرچہئ نامزدگی داخل کریں گے۔

وارانسی میں پولنگ عام انتخابات کے ساتویں اور آخری مرحلے میں ہوگی۔ اس مرحلے کے لیے نامزدگی پرچے داخل کرنے کی آج آخری تاریخ ہے:

ایک رپورٹ:

V/C Sushil Chandra Tiwari

وزیراعظم آج کاشی کے کوتوال کال بھیرو کا آشیرواد حاصل کرنے کے بعد پرچہ نامزدگی داخل کرنے کے لیے جائیں گے۔ BJP نامزدگی کے اس موقع کا استعمال طاقت کا مظاہرہ کرنے کے طور پر کرے گی جس میں سبھی اتحادی شرکاء کے لیڈران شامل ہوں گے۔ امکان ہے کہ BJP کی حکمرانی والی 12 ریاستوں کے وزراء اعلیٰ نامزدگی کے اس عمل میں شامل ہوں گے۔

مختلف مرکزی وزراء، سینئر BJP لیڈرس، اترپردیش حکومت کے وزراء اور ممبر پارلیمنٹ بھی اس موقع پر موجوں ہوں گے۔

دوسری جانب کانگریس صدر ملکارجن کھڑگے، مہاراج گنج حلقے سے کانگریس کے امیدوار کے نامزدگی کے کاغذات داخل کرنے میں انکے ہمراہ ہوں گے۔

لکھنؤ سے سشیل چندر تیواری کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں حسین اختر

جناب کھڑگے گورکھپور ضلع میں بھی ایک سیاسی ریلی سے خطاب کریں گے۔ BJP کے قومی صدر جے پی نڈّا اور اترپردیش کے وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ امیٹھی میں ایک چناؤ ریلی سے خطاب کریں گے جبکہ کانگریس جنرل سکریٹری پرینکا گاندھی واڈرا بھی آج امیٹھی میں انتخابی مہم انجام دیں گی۔ کانگریس کے سابق صدر راہل گاندھی اور سماجوادی پارٹی سربراہ اکھیلیش یادو جھانسی میں اتحاد امیدوار کے حق میں مشترکے طور پر ایک ریلی کریں گے۔

بعد میں سماجوادی سربراہ اکھیلیش یادو Jalaun ضلع میں ایک سیاسی ریلی سے خطاب کریں گے۔

بہوجن سماج پارٹی کی سربراہ مایاوتی بھی جھانسی میں ایک ریلی کریں گی۔x

## Last Phase Nominations

لوک سبھا انتخابات کے ساتویں اور آخری مرحلے کے لیے کاغذات نامزدگی داخل کرنے کا آج آخری دن ہے۔ اس مرحلے کے تحت 7 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام ایک علاقے میں پھیلی ہوئی 57 لوک سبھا سیٹوں پر چناؤ ہوگا۔ ساتویں اور آخری مرحلے میں اترپردیش اور پنجاب کی 13-13، مغربی بنگال کی 9، بہار کی 8، اوڈیشہ کی 6، ہماچل پردیش کی 4، جھارکھنڈ کی 3، نیز مرکز کے زیر انتظام چنڈی گڑھ کی ایک سیٹ پر ووٹ ڈالے جائیں گے۔

اِس مرحلے کے لیے کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال کا کام کل کیا جائے گا۔ جمعے کے روز تک نام واپس لیے جا سکتے ہیں۔ ساتویں اور آخری مرحلے کے لیے ووٹنگ پہلی جون کو ہوگی۔x

## ECI Poll Percentage

انتخابی کمیشن نے آج کہا ہے کہ کُل لوک سبھا انتخابات کے چوتھے مرحلے کے تحت 67 اعشاریہ سات ایک فیصد ووٹنگ درج کی گئی۔

اِس مرحلے کے تحت 9 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام ایک علاقے کی 96 لوک سبھا سیٹوں پر ووٹ ڈالے گئے تھے۔ آندھرا پردیش میں 78 اعشاریہ دو پانچ فیصد لوگوں نے اپنے حق رائے دہی کا استعمال کیا جہاں لوک سبھا اور ریاستی اسمبلی دونوں کے لیے ووٹ ڈالے گئے تھے۔

بہار میں 57 اعشاریہ صفر چھ فیصد، اور تلنگانہ میں 64 اعشاریہ نو تین فیصد افراد نے ووٹ ڈالے۔

جموں و کشمیر میں ووٹنگ کا فیصد 37 اعشاریہ نو آٹھ فیصد، جھارکھنڈ میں 65 اعشاریہ تین ایک فیصد اور مدھیہ پردیش میں 70 اعشاریہ نو آٹھ فیصد درج کیا گیا۔

مہاراشٹر میں 59 اعشاریہ چھ چار فیصد، اوڈیشہ میں 73 اعشاریہ نو سات فیصد، اترپردیش میں 58 اعشاریہ صفر پانچ فیصد اور مغربی بنگال میں 78 اعشاریہ چار چار فیصد لوگوں نے ووٹ ڈالے۔ اس مرحلے کے تحت آندھرا پردیش کی 25، تلنگانہ کی 17، اترپردیش کی 13، مہاراشٹر کی 11، مدھیہ پردیش اور مغربی بنگال کی آٹھ آٹھ، بہار کی پانچ، جھارکھنڈ اور اوڈیشہ کی چار چار، نیز مرکز کے زیر انتظام جموں و کشمیر کی ایک سیٹ پر ووٹ ڈالے گئے تھے۔

چوتھے مرحلے کے لیے ایک ہزار 717 امیدوار چناؤ میدان میں تھے۔ انتخابی کمیشن نے کہا ہے کہ پولنگ کا عمل پُرامن رہا۔

سری نگر پارلیمانی حلقے میں 37 اعشاریہ نو آٹھ فیصد ووٹنگ ہوئی جو کئی دہائیوں میں سب سے زیادہ ہے۔

چوتھے مرحلے کے اختتام کے ساتھ 23ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے 379 پارلیمانی حلقوں میں ووٹنگ کا عمل مکمل ہو گیا ہے۔

اروناچل پردیش، سکم، آندھرا پردیش کی ریاستی قانون ساز اسمبلیوں اور اوڈیشہ ریاستی اسمبلی کی 28 سیٹوں کے لیے چناؤ مکمل ہوگیا۔x

## J&K LG

جموں و کشمیر کے لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے کل سرینگر پارلیمانی حلقے میں ووٹنگ کا فیصد زیادہ ہونے پر عوام اور متعلقہ فریقوں کو مبارکباد پیش کی ہے۔

ایک ٹوئیٹ میں لیفٹننٹ گورنر نے کہا کہ سرینگر پارلیمانی حلقے میں بڑی تعداد میں لوگ اپنا ووٹ ڈالنے کے لیے باہر آئے اور انھوں نے جمہوریت اور آئین میں اپنے یقین کا اعادہ کیا۔

انھوں نے پولنگ کو آزادانہ، منصفانہ، پُرامن اور بلا رکاوٹ منعقد کرانے کے لیے سبھی متعلقہ فریقوں کی سخت کاوشوں کو بھی سراہا۔x

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

## Sushil Modi Condolences

بہار کے سابق نائب وزیراعلیٰ اور سینئر بی جے پی لیڈر سشیل کمار مودی کا کل نئی دلی میں انتقال ہوگیا۔وہ کینسر کے شکار تھے۔ان کا انتقال نئی دلی کے ایمس میں ہوا۔

صدرجمہوریہ، نائب صدرجمہوریہ اور وزیراعظم نے سشیل کمارمودی کے انتقال پر رنج وغم کا اظہار کیاہے۔ اپنے تعزیتی پیغام میں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہاہے کہ سشیل مودی کے اچانک انتقال سے ناقابل تلافی نقصان ہوا ہے۔انہوں نے کہا کہ جناب مودی ایک نرم مزاج کے مالک تھے اور انہوں نے ایک باصلاحیت منتظم کی حیثیت سے خدمات انجام دیں۔ اُن کی شخصیت اور کام عوامی زندگی میں دکھائی دیتی ہے۔ صدرجمہوریہ نے کہا کہ بہار کے سابق نائب

وزیراعلیٰ، ممبرپارلیمنٹ اور ریاست کے دونوں ایوانوں کے ممبر کی حیثیت سے سشیل کمار مودی نے اعلیٰ نظریات کو برقرار رکھا۔

نائب صدرجمہوریہ جگدیپ دھنکڑ نے کہا ہے کہ سشیل کمار مودی کے اچانک انتقال سے ملک کے سماجی، سیاسی منظرنامے کو بڑا نقصان ہوا ہے۔انہوں نے کہا کہ ممبرپارلیمنٹ اور بہار کے سابق نائب وزیراعلیٰ کی حیثیت سے جناب مودی  اعلیٰ سیاسی اقدار میں یقین رکھتے تھے۔جناب دھنکڑنے کہا کہ ان کی پارلیمانی خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔

وزیراعظم نریندرمودی نے کہاہے کہ سشیل کمار مودی نے بی جے پی کے اثرورسوخ کو بڑھانے میں غیرمعمولی خدمات انجام دیں اور انہوں نے بہار میں بی جے پی کو کامیابی دلانے میں اہم رول ادا کیا۔ جناب مودی نے کہا کہ ایمرجنسی کی سخت مخالفت کرکے انہوں نے طلبہ کی سیاست میں خود کیلئے ایک اعلیٰ مقام بنایا۔وزیراعظم نے کہا کہ سیاست سے متعلق معاملات میں جناب مودی کی معلومات اور سمجھ بہت گہری تھی۔

انہوں نے کہا کہ ایک منتظم کی حیثیت سے انہوں نے قابل تعریف کام انجام دیا۔انہوں نے جی ایس ٹی کو پاس کرانے میں سرگرم رول ادا کیا اور یہ کارنامہ ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔

**Mumbai Billboard**

ممبئی میں کل شدید طوفان کے دوران اک بِل بورڈ کے گرجانے سے **14** افراد ہلاک اور **43** زخمی ہوگئے۔ اس دوران مہاراشٹر کے وزیراعلیٰ ایکناتھ شنڈے نے مہلوکین کے کنبے کو پانچ پانچ لاکھ روپے کی امداد دینے کا اعلان کیاہے۔ جناب شنڈے نے کہا ہے مستقبل میں ایسے حادثات پھرنہ ہوں اس سے بچنے کیلئے انتظامیہ کو مناسب اقدامات کرنے کی ہدایات دی گئی ہیں۔

پیش ہے ایک رپورٹ

**VC- Prarthana**

یہ حادثہ اس وقت پیش آیاہے جب سو فٹ اونچا ایک بل بورڈ جڑ سے اکھڑ کر ایک پٹرول پمپ گھاٹ کوپر علاقے کے چھیدا نگر جنکشن پر نزدیک کے گھروں پر جاگرا۔زخمیوں کو ممبئی کے مختلف اسپتالوں میں داخل کرادیاگیاہے۔ کچھ لوگ اب بھی پھنسے ہوئے ہیں۔ بچاؤ کی کارروائی اب بھی جاری ہے۔ **NDRF**، ایمبولنس اور دیگر ایجنسیوں کو کام پر لگایاگیاہے۔ اس حادثے کے ذمہ دار افراد کے خلاف غیر ارادتاً قتل کا ایک معاملہ درج کیاگیاہے۔

ممبئی سے پرارتھنا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں ارجمندعلی خاں

**NTA Admit Card**

امتحان کرانے والی قومی ایجنسی **NTA** پندرہ سے**18** مئی **2024** کے دوران ملک بھر کے مختلف مقامات پر کامن یونیورسٹی انٹرنس ٹسٹ-**CUET** (یوجی)**2024** کا انعقاد کررہی ہے۔یہ امتحان  بھارت کے باہر **26** شہروں سمیت **379** شہروں میں منعقد ہورہے ہیں۔ **NTA** نے ایک بیان میں کہا ہے کہ امیدواروں کے داخلہ کارڈ ویب سائٹ **cuet-ugl@nta.ac.in** پر جاری کیا

جائے گا۔امیدوار اپنی درخواست فارم نمبر اور پیدائش کی تاریخ کا استعمال کرتے ہوئے ویب سائٹ سے اپنا داخلہ کارڈ ڈاؤن لوڈ کرسکتے ہیں۔

## Punjab Weather

پنجاب میں محکمہ موسمیات نے اگلے چار سے پانچ دن کے دوران خشک موسم، گرمی میں اضافے اور لو چلنے کی پیشگوئی کی ہے۔کل زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت میں تین ڈگری کا اضافہ ہوا اور ابوہر قصبے میں سب سے زیادہ درجہ حرارت 43 اعشاریہ سات ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیاگیا۔ محکمہ موسمیات نے لوگوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ وقتاً فوقتاً جاری ہونے والی موسم سے متعلق تازہ ترین ایڈوائزریز سے پوری طرح واقف رہیں۔

ایک رپورٹ

VC- Shishu Sharma Shantal

محکمہ موسمیات کے دفتر کے مطابق آنے والے دنوں میں عام طور پر موسم خشک رہے گا۔زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت میں تقریباً چار ڈگری سیلسیس تک کا اضافہ ہونے کا امکان ہے۔ نتیجے کے طورپر جنوبی پنجاب کے کچھ حصوں میں درجہ حرارت 44 سے 46 ڈگری سیلسیس کے درمیان پہنچ سکتا ہے۔ اسی طرح شمالی حصوں میں درجہ حرارت 41 سے 44 ڈگری سیلسیس تک رہنے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات نے لوگوں کو اشارہ دیا ہے کہ وہ دھوپ کی تپش سے بچیں اور ہلکے کپڑے پہنیں اور سورج کی تپش سے بچنے کیلئے سروں کو ڈھانپیں۔

جالندھر سے شیشو شرما شانتل کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں حسین اختر

## Indonesia Flash Floods

انڈونیشیا میں اچانک آئے سیلاب کے بعد کم ازکم 41 افراد ہلاک ہوگئے اور ایک آتش فشاں سے بہنے والا سرد لاوا سماترا کے جزیرے سے جا ٹکرایا۔ہفتے کو چند گھنٹے کی شدید بارش سے ماؤنٹ Marapi میں راکھ اور چٹانوں کے ٹکڑے گرے۔ دو ضلعوں میں مٹی کے تودے کھسکنے سے لوگوں کی موت واقع ہوئی اور سو سے زیادہ مکانات، مسجدوں اور عوامی سہولیات کے مراکز کو نقصان پہنچا۔

## Shot Put Abha Khatura

بھونیشور میں نیشنل فیڈریشن کپ ایتھلیٹکس مقابلے میں 18 اعشاریہ چار ایک میٹر کی دوری تک Shot Put پھینک کر Abha Khatua نے خواتین کے Shot Put میں قومی ریکارڈ بناتے ہوئے سونے کا تمغہ جیتا ہے۔ اس مقابلے میں Abha مہاراشٹر کی نمائندگی کر رہی تھیں اور اِس مقابلے سے پہلے مَن پِریت کور کے ساتھ اُن کا 18 اعشاریہ صفر چھ میٹر کا مشترکہ ریکارڈ تھا، لیکن کل کلنگا اسٹیڈیم میں 18 اعشاریہ چار ایک میٹر تک Shot Put پھینک کر Abha قومی ریکارڈ بنانے والی واحد کھلاڑی بن گئی ہیں۔ حالانکہ اپنی بہترین کارکردگی کے باوجود اولمپک کے لیے کوالیفائی کرنے کے پیمانے 18 اعشاریہ آٹھ صفر میٹر تک وہ نہیں پہنچ پائیں، جسے کوئی بھارتی خاتون کھلاڑی حاصل نہیں کر پائی ہے۔

## IPL Cricket

IPL کرکٹ میں کل احمدآباد کے نریندرمودی اسٹیڈیم میں بارش کی وجہ سے گجرات ٹائٹنس اور کولکتہ نائٹ رائڈرس کے درمیان میچ بارش کی وجہ سے منسوخ ہوجانے کے بعد گجرات ٹائٹنس پلے آف کی دوڑ سے باہر ہوگیاہے۔ اس طرح دونوں ٹیموں کو ایک ایک پوائنٹ مل گیاہے۔
کولکتہ واحد ایسی ٹیم ہے جس نے اگلے مرحلے کیلئے پہلے ہی کوالیفائی کرلیاہے۔

دنیا کے سب سے بڑے کرکٹ اسٹیڈیم احمدآباد میں بے وقت کی بارش سے ہزاروں کرکٹ شائقین کو مایوسی ہوئی۔ بارش مسلسل تقریباً پانچ گھنٹے تک جاری رہی۔

آج نئی دلی کے ارون جیٹلی اسٹیڈیم میں دلی Capitals کا مقابلہ لکھنؤ سپرجائنٹس سے ہوگا۔

یہ تھی خبریں

## PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......ارجمندعلی خاں

شکریہ - شبانہ

راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے لوک سبھا انتخابات کے چوتھے مرحلے میں 96 نشستوں پر پولنگ ہونے سے متعلق خبروں کو اولیت دی ہے۔ روزنامہ پرتاپ، راشٹریہ سہارا، انقلاب،ہندوستان ایکسپریس اور دیگر کئی اخباروں نے اسے پہلی خبربناتے ہوئے لکھا ہے کہ چوتھے مرحلے میں بمپرپولنگ، 75 فیصد ووٹ پڑے۔

روزنامہ انقلاب نے وزیراعظم مودی کے اس بیان کو نمایاں کیاہے کہ ملک کو مجبور نہیں بلکہ مضبوط حکومت کی ضرورت ہے۔ وزیراعظم نے کل NDA امیدواروں کی حمایت میں مظفرپور، حاجی پور اور سارن میں ریلیوں سے خطاب کیا۔

CBSE کے دسویں اور بارہویں کے نتائج کا اعلان، لڑکیوں نے اس بار بھی بازی ماری۔وزیراعظم اور وزیر تعلیم نے طلبہ کو مبارکباد دی۔ اس خبرکو راشٹریہ سہارا، پرتاپ سمیت تقریباً سبھی اخباروں نے پیش کیاہے۔

بہار کے سابق نائب وزیراعلیٰ اور BJP کے سینئر رہنما سشیل کمار مودی کے انتقال کی خبر کو بھی تقریباً سبھی اخباروں نے پہلے صفحے پر پیش کیاہے۔روزنامہ راشٹریہ سہارا کی ایک سرخی ہے کہ بھارت نے چابہار میں شہید بہشتی بندرگاہ کو لیز پر لیا۔ بھارت اور ایران کے درمیان چابہار بندرگاہ معاہدے پر دستخط

ملک میں اس سال معمول سے زیادہ بارش ہونے کا امکان۔اس خبر کو روزنامہ ملاپ نے سرخی بنایاہے جبکہ روزنامہ انقلاب اور کئی اخباروں نے ممبئی میں دھول بھری آندھی، تیز بارش ہونے سے 8 افراد کی موت اور 72 سے زائد افراد کے زخمی ہونے کی خبر کو بھی پہلے صفحے پر کی سرخی بنایاہے۔

اولمپکس 2036 کی میزبانی کیلئے ہم تیار ہیں، کھیلوں کے وزیر انوراگ ٹھاکر کے اس بیان کو بھی روزنامہ پرتاپ نے سرخی بنایاہے۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 وزیراعظم اور سینئر بی جے پی لیڈر نریندرمودی آج وارانسی لوک سبھا سیٹ سے اپنے کاغذات نامزدگی داخل کریں گے۔

2 لوک سبھا انتخابات کے ساتویں اور آخری مرحلے کیلئے کاغذات نامزدگی داخل کرنے کا عمل آج شام ختم ہوجائے گا۔

3 لوک سبھا انتخابات کے چوتھے مرحلے میں 67 اعشاریہ دو پانچ فیصد رائے دہندگان نے اپنے حق رائے دہی کا استعمال کیا۔

4 بہار کے سابق نائب وزیراعلیٰ اور بی جے پی کے سینئر لیڈر سشیل کمار مودی کا انتقال ہوگیا۔

5 ممبئی کے بِل بورڈ گرنے کے حادثے میں مرنے والوں کی تعداد بڑھ کر 14 ہوگئی ہے۔

6 اور بھونیشور میں نیشنل فیڈریشن کپ ایتھلیٹکس مقابلے میں خواتین کے Shot Put میں آبھا Khatua نے سونے کا تمغہ جیت کر قومی ریکارڈ بنایاہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-----------------------